سوال

(116)اگر کسی شخص کو کچھ نوٹ دستیاب ہوں۔ تو وہ اس کا اعلان کس طرح کرے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر کسی شخص کو کچھ نوٹ دستیاب ہوں۔ تو وہ اس کا اعلان کس طرح کرے۔ کہ حقدار کو مل جائیں۔ اور اعلان کب تک کرے۔ ؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

گم شدہ چیز کا اعلان حسب فرمان نبوی ﷺ ایک سال تک ہونا چاہیے۔ آجکل اعلان کا زریعہ اخبارات ہیں۔ مگر چیز کا پورا نشان نہ لکھے جہاں سے دستیاب ہوئی ہو اس جگہ کا نام اور تاریخ دستیابی اور چیز کا نام مثلاً نوٹ وغیرہ ظاہر کر کے اعلان کرے۔ نوٹوں کی پوری کیفیت تعداد وغیرہ وہ شخص تحریر کرے۔ جس کے گم ہوئے ہیں۔ اللہ اعلم (14 اپریل 1929ء) (فتاوی ثنائیہ جلد2ص399)

[فتاویٰ علمائے حدیث]

جلد14ص106

محدث فتویٰ